# معاہدہ مابین فریقین (آپریشنل شراکت داری و نیٹ ریونیو شیئرنگ)

**TRI-PARTY OPERATIONAL PARTNERSHIP & NET REVENUE SHARE AGREEMENT**

فیوژن پی وی ڈی (Fusion PVD) — 15 لکھووال روڈ، 1 کلومیٹر بحریہ ٹاؤن رنگ روڈ انٹر چینج، لاہور

| |
|---|
| **فریق اول (سرمایہ کار / 50% پارٹنر): میاں محمد فاروق** – شناختی کارڈ: 35202-2498549-9، رہائش: 79 بی بلاک، ریونیو سوسائٹی، لاہور۔ (سرمایہ کار و 100 فیصد بلا شرکت غیرے مالک اراضی فیکٹری، پی وی ڈی مشین و ٹرانسفارمر) |
| **فریق دوئم (سی ای او و ڈائریکٹر مارکیٹنگ / 25% پارٹنر): میاں عثمان فاروق** – شناختی کارڈ: 35202-5008060-7، رہائش: 79 بی بلاک، ریونیو سوسائٹی، لاہور۔ برائے: فیوژن پی وی ڈی (مارکیٹنگ، انوائسنگ و بینکنگ اتھارٹی) |
| **فریق سوئم (سی او او و آپریشنز پارٹنر / 25% پارٹنر): ہمایوں پرویز ولد پرویز اقبال** – شناختی کارڈ: 34101-2454733-3، رہائشی: مکان نمبر 416، محلہ بلاک 3، سیکٹر ڈی 2، گرین ٹاؤن، لاہور۔ (شاپ فلور آپریشنز و پروڈکشن انچارج) |

**1. مقصد و فیکٹری احاطہ:** یہ کہ فریق اول اپنی پی وی ڈی (PVD) ہائی ویکیوم کوٹنگ مشین (سائز: 2.4m × 1.9m) مع فیکٹری کورڈ ایریا 54 × 54 فٹ اور کھلا احاطہ 54 × 32 فٹ واقع 15 لکھووال روڈ، 1 کلومیٹر بحریہ ٹاؤن رنگ روڈ انٹر چینج، لاہور، فریق دوئم اور فریق سوئم کو برابری کی بنیاد پر آپریشنل و بزنس مینجمنٹ پر نیٹ ریونیو شیئرنگ کی بنیاد پر سونپ رہے ہیں۔

**2. نیٹ ڈسٹری بیوشن پول فارمولا (The Net Pool Formula):** فیکٹری کی ماہانہ کل وصول شدہ سیلز (وہ تمام رقوم جو کمپنی کے نامزد بینک اکاؤنٹ میں باقاعدہ کلیئر ہوں) میں سے لیسکو (LESCO) بجلی کا اصل بل منہا (Deduct) کرنے کے بعد حاصل ہونے والی خالص رقم **"نیٹ ڈسٹری بیوشن پول"** کہلائے گی۔ اس پول کی تقسیم فریقین کے مابین درج ذیل شرح سے ہوگی:

- میاں محمد فاروق (فریق اول / انویسٹر): **50 فیصد (50%)**
- میاں عثمان فاروق (فریق دوئم / سی ای او): **25 فیصد (25%)**
- ہمایوں پرویز (فریق سوئم / سی او او): **25 فیصد (25%)**

**3. مشین انسٹالیشن و کرین اخراجات:** مشین کی فزیکل شفٹنگ، فٹنگ پارٹس، پائپنگ اور کرین کے تمام اخراجات فریق دوئم ادا کریں گے۔ جبکہ مشین کی فزیکل تنصیب، اسمبلنگ، کنکشنز اور چالو کروانے کی تمام تر فزیکل لیبر فریق سوئم اپنے ذمہ ادا کرے گا۔

**4. اینول آئل کوٹہ (Annual Oil Quota):** فریق دوئم (میاں عثمان فاروق) فریق سوئم کو سالانہ بنیاد پر دو (2) مرتبہ ڈیفیوژن پمپ آئل (DP Oil) تبدیل کروا کر دیں گے، اور سالانہ دو (2) مرتبہ روٹری اور روٹس پمپ کا ویکیوم آئل فراہم کریں گے۔ سال میں ان دو مرتبہ کے علاوہ کسی بھی اضافی تبدیلی کی صورت میں آئل فریق سوئم اپنے خرچ پر خریدے گا۔

**5. ہینڈ ٹولز کی فراہمی:** مشین، فیکٹری اور بفرز کے تمام ضروری ہینڈ ٹولز (پانے، چابیاں، ایلن کیز، پلاس، اسکرو ڈرائیور، بفنگ کا سامان و اوزار، گریس گن وغیرہ) فریق سوئم خود خرید کر لائے گا اور ان کی دیکھ بھال و حفاظت کا بذاتِ خود مکمل ذمہ دار ہوگا۔

# معاہدہ مابین فریقین (صفحہ دوم — 2 از 2)

**6. زرِضمانت (Security Deposit):** فریق سوئم بطورِ ضمانت **مبلغ تین لاکھ روپے (-/Rs. 300,000)** نقد سیکیورٹی فریق دوئم کے پاس جمع کروائے گا جو کہ معاہدہ کی مدت خوش اسلوبی سے مکمل ہونے پر اور مشین و فیکٹری احاطہ درست حالت میں واپس کرنے پر قابلِ واپسی ہوگی۔

**7. آفیشل فیکٹری نمبر کا استعمال:** فریق سوئم اور اس کا تمام عملہ فیکٹری کے کسٹمرز سے تمام ترکاروباری بات چیت، واٹس ایپ رابطہ اور آرڈر کوآرڈینیشن صرف اور صرف **فیوژن پی وی ڈی کے آفیشل فیکٹری نمبر** سے کرنے کے پابند ہوں گے۔

**8. فریقین کی آپریشنل ذمہ داریاں:**

- **الف) فریق سوئم (ہمایوں پرویز):** اپنے 25 فیصد شیئر میں سے فیکٹری کی تمام لیبر کی تنخواہیں، لیبر کا کھانا/کینٹین، صفائی کا سامان (تھنر، کپڑا، چاک پاؤڈر، اسپرٹ)، انڈسٹریل گیسز (آرگون، نائٹروجن، ایسیٹیلین) اور مشین کی روزمرہ معمول کی دیکھ بھال و مینٹیننس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔
- **ب) فریق دوئم (میاں عثمان فاروق):** فیکٹری کے کیتھوڈ ٹارگٹس (ٹائٹینیم / زرکونیم)، سالانہ 2 مرتبہ ڈی پی آئل اور 2 مرتبہ روٹری پمپ آئل، مشین کے عمومی استعمال سے خراب ہونے والے پارٹس کی مرمت، مشین کی ٹیکنیکل اپ گریڈیشن، اور مارکیٹنگ و انوائسنگ کے ذمہ دار ہوں گے۔
- **ج) فریق اول (میاں محمد فاروق):** بطور سرمایہ کار کسی بھی قسم کی آپریشنل یا روزمرہ ذمہ داری سے مکمل طور پر مستثنیٰ و بری الذمہ ہوں گے۔

**9. فنانشل کنٹرول اور انوائسنگ:** تمام کاروباری انوائسنگ فیوژن پی وی ڈی کے نام سے جاری ہوگی اور تمام ادائیگیاں براہِ راست کمپنی کے نامزد بینک اکاؤنٹ میں جمع ہوں گی۔ فریق سوئم کسی کسٹمر سے ذاتی کیش وصول کرنے کا مجاز نہیں ہوگا۔

**10. کم از کم فلور پرائس (Minimum Floor Price):** فریق سوئم کسی بھی فل چیمبر کا ریٹ 50,000 روپے سے کم فریق دوئم کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر طے نہیں کرے گا۔

**11. ماہانہ حساب کتاب:** ہر ماہ کی 5 سے 10 تاریخ کے دوران گزشتہ ماہ کی کل کلیئر شدہ سیل میں سے بجلی کا بل منہا کر کے تمام فریقین کے منافع کا حصہ ادا کر دیا جائے گا۔

**12. مدتِ معاہدہ و تجدید (10 سالہ معیاد):** اس معاہدے کی بنیادی مدت **گیارہ (11) ماہ** ہوگی، جو خوش اسلوبی اور باہمی رضامندی کی بنیاد پر **دس (10) سال** تک ہر سال قابلِ تجدید ہوگی۔ دورانِ معاہدہ کسی بھی فریق کو معقول و حقیقی وجہ کی بنیاد پر **کم از کم دو ماہ (60 دن)** کا پیشگی تحریری نوٹس دے کر علیحدگی اختیار کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

**13. اثاثہ جات کی 100 فیصد ملکیت:** یہ واضح اور تسلیم کیا جاتا ہے کہ فیکٹری کی اراضی، عمارت، پی وی ڈی مشین، ٹرانسفارمر، چلر اور تمام بنیادی کیپٹل اثاثہ جات کی 100 فیصد ملکیت بلا شرکتِ غیرے صرف اور صرف **میاں محمد فاروق (فریق اول / انویسٹر)** کی ہے۔ فریق دوئم اور فریق سوئم کا حصہ خالصتاً آپریشنل نیٹ ریونیو پول تک محدود ہے اور ان کا فیکٹری یا مشینری کے بنیادی اثاثہ جات کی ملکیت میں کسی قسم کا کوئی دعویٰ یا استحقاق نہ ہوگا۔

| فریق اول (سرمایہ کار - 50%): | فریق دوئم (سی ای او - 25%): | فریق سوئم (سی او او - 25%): |
|---|---|---|
| ------------------------------ | ------------------------------ | ------------------------------ |
| **میاں محمد فاروق** | **میاں عثمان فاروق** | **ہمایوں پرویز ولد پرویز اقبال** |
| شناختی کارڈ: 35202-2498549-9 | شناختی کارڈ: 35202-5008060-7 | شناختی کارڈ: 34101-2454733-3 |
| 79 بی بلاک، ریونیو سوسائٹی، لاہور | برائے: فیوژن پی وی ڈی (Fusion PVD) | 416 بلاک 3 ڈی 2 گرین ٹاؤن، لاہور |

| | |
|---|---|
| **گواہ نمبر 1:** | **گواہ نمبر 2:** |
| دستخط: .............................. | دستخط: .............................. |
| نام: .............................. | نام: .............................. |
| شناختی کارڈ نمبر: .............................. | شناختی کارڈ نمبر: .............................. |